نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیرصدارت لاہور میں گندم کی آئندہ فصل کی پیداواری حکمت عملی کا جائزہ لینے کے لئے خصوصی کمیٹی کے پہلے اجلاس کا انعقاد۔سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی ودیگر اعلیٰ افسران کی شرکت

گندم کی آئندہ فصل کے پیداواری اہداف کو یقینی بنانے کے لئے کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنا لوجی کے متعلق آگاہی فراہم کی جائے۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور 21 ستمبر 2021:صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیرصدارت لاہور میں گندم کی آئندہ فصل کی پیداواری حکمت عملی کا جائزہ لینے کے لئے پہلے اجلاس کا انعقاد ہوا۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے گندم کی آئندہ فصل کے پیداواری اہداف کو یقینی بنانے کے لئے کاشتکاروں کو فیلڈ سٹاف کی راہنمائی میں جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی فراہم کرنے اور بوائی کے موقع پر کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی فراہمی کی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی نے گندم کی بوائی کے موقع پر کاشتکاروں کو نہری پانی کی دستیابی یقینی بنانے کے لئے ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع) کو محکمہ آبپاشی کے حکام سے میٹنگ کرنے کی ہدایت کی۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ گندم کی بوائی کے موقع پر وہ خود مانیٹرنگ کریں گے اور اس سلسلے میں انھوں نے ڈویژنل وضلعی سطح پر میگا فارمر گیدرنگ منعقد کروانے کی ہدایت کی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب نے گندم کی ممنوعہ اقسام کو کاشت نہ کرنے سے متعلق کاشتکاروں کو آگاہی فراہم کی جائے تاکہ کاشتکار منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں جس سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوسکے۔یادرہے، وزیر زراعت پنجاب نے گندم کے پیداواری اہداف کو یقینی بنانے کے لئے خصوصی کمیٹی تشکیل دی ہے جو گندم کی آئندہ بوائی کے موقع پر پیداواری اہداف کے مطابق حکمت عملی مرتب کرے گی تاکہ گندم کی پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔اجلاس میں کمیٹی ممبران سیکرٹری زراعت اسد رحمان گیلانی،سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ ڈاکٹر محمد اسلم، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات محمد رفیق اختر، ڈائریکٹر کراپ رپورٹنگ عبدالقیوم سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆